بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اول

زیرِ نظر شمارے پر بحمد اللہ حکمتِ قرآن کی دسویں جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ رہی ہے۔ اس پرچے کی اشاعت اگر کسی درجے میں کوئی کارِ خیر ہے اور دین کی خدمت کا کوئی کام اگر اس کے حوالے سے سرانجام پا رہا ہے تو یہ سب اللہ کی تائید و توفیق کے طفیل ہے۔ ہاں جو کوتاہی یا کمی کسی بھی اعتبار سے اس پرچے میں اب تک محسوس کی جاتی رہی ہے وہ ہماری نااہلی اور کم کوشی کے سبب سے ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہماری خطاؤں اور لغزشوں سے درگذر فرمائے اور قرآن حکیم کی جو تھوڑی بہت حقیر سی خدمت ہم سے بن آئی ہے اسے شرفِ قبول سے نوازے (آمین)۔۔۔۔

قارئین کی سہولت اور دلچسپی کے پیشِ نظر پچھلے دو سالوں کے دوران حکمتِ قرآن میں شائع ہونے والے تمام مضامین کا ایک جامع اشاریہ (Index) شمارہ ہذا میں شامل کر دیا گیا ہے۔ قبل ازیں ۱۹۸۶ء کے آخر تک شائع شدہ جملہ مضامین کا اشاریہ دسمبر ۱۹۸۶ء کے شمارے میں شائع کیا گیا تھا اور اس کے بعد ۱۹۸۷ء ' ۱۹۸۸ء اور ۱۹۸۹ء میں شائع ہونے والے مضامین کا اشاریہ ہر سال کے اختتام پر شائع ہوتا رہا ہے۔ جنوری ۹۰ء تا دسمبر ۹۱ء تک کے مضامین کا اشاریہ اب پیشِ خدمت ہے ع

جو عمر سے ہم نے بھر پایا سب سامنے لائے دیتے ہیں

☆ ☆ ☆

حال ہی میں حکمتِ قرآن کے لئے علامہ اقبال کے بارے میں مولانا راغب احسن کا ایک وقیع مضمون مشہور بزرگ مسلم لیگی صحافی جناب میاں ظفیر احمد نے ارسال کیا ہے۔ اس مضمون کی خاص بات یہ ہے کہ یہ علامہ کی حیات ہی میں تحریر کیا گیا اور ان کی زندگی ہی میں شائع بھی ہو گیا تھا۔ میاں ظفیر صاحب نے مزید کرم فرمایا ہے کہ مضمون اور صاحبِ مضمون دونوں کا تعارف بھی ادارتی نوٹ کی شکل میں ہمیں لکھ بھیجا ہے جسے ہم ان کے شکریے کے ساتھ شاملِ اشاعت کر رہے ہیں۔ ○○

.com
com